قومی انڈر 19 تین روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے پہلے راؤنڈ کا آغاز ہوگیا

- خیبرپختونخوا کے ثاقب جمیل اور سلمان خان جونیئر کی نصف سنچریاں
- سندھ کے خلاف سنٹرل پنجاب کے ا سپنر فرخ وقاص کے 4 شکار
- ناردرن اور سدرن پنجاب کے درمیان میچ بارش کے باعث شروع نہ ہوسکا

لاہور، یکم اکتوبر 2019ء:

قومی انڈر 19 تین روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ کے پہلے راؤنڈ کا آغاز ہوگیا ہے۔یکم اکتوبر بروز منگل سے شروع ہونے والا راؤنڈ 3 اکتوبر بروزجمعرات تک جاری رہے گا۔

خیبرپختونخوا اور بلوچستان کی انڈر 19 ٹیموں کے درمیان تین روزہ میچ جناح اسٹیڈیم سیالکوٹ میں شروع ہوگیا ہے۔شہر میں ہونے والی بارش کے باعث پہلے روز کھیل کا آغاز چائے کے وقفے کے بعد ممکن ہوسکا۔ بلوچستان نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا اور دن کے اختتام پر 35 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر 173 رنز بنائے۔ مڈل آرڈربیٹسمین ثاقب جمیل 78اور سلمان خان جونیئر 60رنز بنا کر کریز پر موجود ہیں۔ بلوچستان کے فاسٹ باؤلرز جہانگیر خان نے 2 اور طارق جمیل نے 1 کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

دوسری جانب اسٹیٹ بنک اسٹیڈیم کراچی میں سنٹرل پنجاب اور سندھ کے درمیان جاری میچ کے پہلے روز میزبان ٹیم پہلی اننگز میں 204 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی ۔ شہریار رضوی 40 اور طٰحہٰ محمود 39 رنز بنا کر نمایاں بیٹسمین رہے۔ سنٹرل پنجاب کی جانب سے فرخ وقاص نے 4 اور قاسم اکرم نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔جواب میں سنٹرل پنجاب کا محتاط انداز میں کھیل جاری ہے۔مہمان ٹیم نےدن کے اختتام پر 15.5 اوورز میں 1 وکٹ کے نقصان پر 18 رنز بنالئے ہیں۔

ادھر مظفرآباد میں دن بھر جاری رہنے والی بارش کے باعث ناردرن اور سدرن پنجاب کے درمیان میچ شروع نہ ہوسکا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk